میں پانی اندر چلا جائے گا تو مسح نہ ہوا۔ اس لئے ترمذی میں خف کا ذکر ہے۔

عبداللہ امرتسری از لاہور ۱۹ جولائی ۱۹۶۳ء

# تیمّم کا بیان

## تیمم آنحضرت کا فعل ہے یا تعلیم

**سوال۔** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیمم سے کوئی نماز پڑھی ہے یا صرف تعلیم دی ہے۔

مولوی ولی محمد مورخہ یکم رجب ۱۳۵۹ھ

**جواب۔** آیت تیمم کے شان نزول میں لکھا ہے کہ حضرت عائشہ رضہ کا ہار گم ہو گیا۔ اُس کی تلاش میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ساری فوج جنگل میں رُک گئی۔ نہ وہاں پانی تھا نہ اُن کے پاس پانی تھا۔ خدا نے آیت تیمم اُتار دی اور بعض روایتوں میں ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھڑے ہوئے اور تیمم کیا۔ خیر تو آپ کے سوال کا جواب ہوا مگر یہ سوال فضول ہے کیونکہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تعلیم دی اور قرآن مجید میں اس کا ذکر آگیا تو پھر آپ کے کرنے اور نہ کرنے سے سوال کا کیا مطلب؟

اگر بالفرض آپ کے کرنے کا کسی روایت میں ذکر نہ ہو تو کیا قرآن مجید اور آپ کی تعلیم کافی نہیں بلکہ قرآن مجید اور آپ کی تعلیم تو اصل ہے کیونکہ آپ کا فعل خاصہ بھی ہو سکتا ہے۔ پس اس قسم کے سوال سے بچنا چاہئے۔

عبداللہ امرتسری روپڑی ۱۷ رجب ۱۳۵۹ھ مطابق ۲۲ اگست ۱۹۴۰ء

## تنگی وقت کی بنا پر تیمم کا جائز ہونا

**سوال۔** ایک شخص کو سوتے میں احتلام ہو گیا۔ آنکھ جو کھلی تو دیکھا کہ احتلام ہو گیا ہے اور نماز کا وقت بالکل قریب ہے اگر غسل کرے گا تو نماز قضا ہو جائے گی۔ اب اس کو کیا کرنا چاہیئے۔ نماز قضا کرے یا غسل کرے یا تیمم کے ساتھ نماز ادا کرے۔ امجد حسین خریداری نمبر ۱۲۶۹

**جواب** ۔ قرآن مجید میں ہے فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً یعنی پانی نہ پاؤ تو پھر تیمم کا حکم ہے۔ سوال کی صورت میں پانی موجود ہے تو پھر تیمم کس طرح درست ہوگا۔

عبداللہ امرتسری از روپڑ ضلع انبالہ مورخہ ۱۳ جمادی الاول سنہ ۱۳۶۰ھ ۱۰ جون سنہ ۱۹۴۱ء

# غسل کا بیان

## غسل کے بغیر قرآن مجید پڑھ سکتا ہے

**سوال** ۔ غسل جنابت فرض ہے یا واجب یا سنت یا نفل یا مستحب ؟
کیا جنابت کی حالت میں سحری کھائی جاسکتی ہے۔ قرآن مجید اور نماز پڑھی جاسکتی ہے۔

محمد ظفر اقبال مکان نمبر ۴۳ سکیم نمبر ۲ گلی گشت کالونی ملتان

**جواب** ۔ غسل جنابت ضروری ہے کیونکہ جنبی کی نماز نہیں ہوتی اور نہ قرآن مجید پڑھ سکتا ہے ہاں سحری کھائی جاسکتی ہے (مشکوٰۃ کتاب الطہارت)

عبداللہ امرتسری روپڑی ۱۲ شوال سنہ ۱۳۸۲ھ ۱۶ مارچ سنہ ۱۹۶۳ء

# ستر کا بیان

## بغیر بازو بنین پہن کر نماز پڑھنا

**سوال** ۔ اگر ایسی بنین پہن کر نماز پڑھی جائے جس کے بازو نہ ہوں تو نماز ہو جائے گی نیز نماز کتنے کپڑوں میں جائز ہے۔ ؟

**جواب** ۔ نماز ایک کپڑے میں بھی ہوسکتی ہے۔ اگر کپڑا چھوٹا ہو تو اس کو تہ بند کی صورت میں پہن لے ورنہ گلتی باندھ لے تاکہ کندھے بھی ڈھک جائیں۔ چنانچہ حدیث میں اس کی تصریح ہے۔